www.facebook.com/VetNewsViews FD # 56

پولٹری لائیوسٹاک ڈیری زراعت ماہی پروری جنگلی حیات اور ماحولیات کا پاکستان میں واحد اخبار

ہفت روزہ

ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز

چیف ایڈیٹر ڈاکٹر خالد محمود شوق | ایڈیٹر ڈاکٹر تین ظہیر | ایگزیکٹو ایڈیٹر ذیشان خالد | فیصل آباد

جلد نمبر 14 | 08 تا 15 جنوری 2019 | صفحات 10 | قیمت 150 روپے | شمارہ نمبر 10 | ABC سے تصدیق شدہ

Email: pakissan2002@yahoo.com

فراز خواب سی دنیا دکھائی دیتی ہے
جو لوگ جانِ جہاں تھے ہوئے فسانہ وہ

ڈاکٹر ظفر الطاف مرحوم

یکساں نظام تعلیم کا ادھورا خواب ..... یعنی مغربی ممالک انہوں نے بھی ترقی پذیر ممالک کے لئے وہ چیز پسند نہیں کی جو وہ اپنے لئے کرتے ہیں نجانے ہمارے ہاں دوہرا بلکہ تہرا نصاب تعلیم کیوں رائج نہیں؟ کیوں لوگوں نے یہ غلط تصورات اپنے ذہنوں میں راسخ کر رکھے ہیں کہ دیہاتوں کے رہنے والوں کو ہر چیز میں پسماندہ ہی رکھنا ہے چاہے وہ تعلیمی سہولیات ہوں یا دیگر لوازمات زندگی۔ ہم درمیاں ہی ان کا مقدر کیوں بنتی ہیں؟ کیا وہ بھی اسی خدا کی پیدا کردہ مخلوق نہیں ہیں جن کے قبضہ قدرت میں بالائی طبقات کی جان ہے جب خدائے لم یزل نے تمام انسانوں کو برابری کے حقوق دیئے تو پھر یہ طبقاتی تقسیم کیسی؟ دیہاتوں کے سکولوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے اور اساتذہ نادارد۔

(ڈاکٹر ظفر الطاف مرحوم کی ماضی میں شائع ہونے والی تحریر کے اردو ترجمہ سے اقتباس)

بابائے پولٹری

ڈاکٹر عبدالغفور چوہدری مرحوم

پلٹ کر آئے گی فصل بہاراں ہم نہیں ہوں گے
گریں گے لوگ تزئین گلستاں ہم نہیں ہوں گے
بے گی شام کو بزم چراغاں ہم نہیں ہوں گے
چلے گی رات بھر شمع فروزاں ہم نہیں ہوں گے
ہماری خاک سے پھوٹیں گے شعلے لالہ و گل کے
ہمیں ڈھونڈے گی وہ جانِ بہاراں ہم نہیں ہوں گے

کلیہ بیطاری زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے دروازے اپنے ایلومینائی کیلئے کھلے ہیں انڈسٹری کے ساتھ کالج کیلئے پوری طرح سرگرم ہوں گے ڈاکٹر صادق اور ڈاکٹر صابر ہمارے باصلاحیت ایلومینائی ہیں مستحق طلبہ کیلئے انڈوومنٹ فنڈ قائم کیا جائے گا

ایلومینائی ایسوسی ایشن (FVS UAF) کے سالانہ اجلاس کی تیاریاں شروع، پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال قریشی

''باغ محبت'' میں پی وی ایم اے فیصل آباد کا ماہانہ اجلاس، ڈین کلیہ بیطاری پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال قریشی، ریٹائر سینئر ویٹرنری آفیسر ڈاکٹر بشیر احمد کے اعزاز میں ضیافت، پھولوں کے گلدستے پیش، اجلاس میں ڈاکٹر آصف علی بٹ، ڈاکٹر عبدالجبار عباسی، ڈاکٹر محمد شریف، طارق تنویر، یاسین رندھاوا کا اظہار خیال، دیسی ککڑ کا سالن، مکی کی روٹی، ساگ، مکھن، کھیر، میسی روٹی، لسی، آلو بخارے و خوبانی کی چٹنی، السی کی پینیوں اور چائے سے شرکاء کی تواضع، باغ محبت کی سیر، شرکاء کا اظہار دلچسپی، ڈاکٹر بشیر کی مورنگا میں گہری دلچسپی

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) کلیہ بیطاری زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کی ایلومینائی ایسوسی ایشن کا سالانہ اجلاس ماہ مارچ 2019 میں متوقع ہے۔ ان خیالات کا اظہار کلیہ بیطاری کے ڈین و صدر ایلومینائی ایسوسی ایشن کلیہ بیطاری زرعی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال قریشی نے پی وی ایم اے فیصل آباد کے اجلاس میں کیا، جو 6 جنوری بروز اتوار کو دن کے 12:30 بجے ''باغ محبت'' میں منعقد ہوا۔ ایگری ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن آف پاکستان کے مرکزی صدر مقام قادر بخش فارم اینڈ نرسری گٹ والا فیصل آباد میں منعقدہ اس اجلاس میں پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال قریشی بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے جبکہ سینئر ویٹرنیرین ڈاکٹر محمد شریف (ڈیری سپیشلسٹ و سابق ڈائریکٹر زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ پاکستان) نے تقریب کی صدارت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری ڈاکٹر آصف علی بٹ نے پی وی ایم اے کی ویلفیئر سرگرمیوں کے بارے میں اظہار خیال کیا اور رپورٹ پیش کی۔ پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال قریشی نے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی وی ایم اے کی طرف سے اپنے ممبران کی فلاح و بہبود کے لئے منعقد کی جانے والی سرگرمیاں قابل تعریف ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کلیہ بیطاری زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے دروازے اپنے ممبران کے لئے کھلے ہیں وہ جب چاہیں تشریف لائیں انہوں نے مزید بتایا کہ ایلومینائی ایسوسی ایشن کے اجلاس کے لئے تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں اس کے لئے ایلومینائی کی فہرست مرتب کی جارہی ہے۔ یہ فہرست اب 2019 تک اپ ڈیٹ کر دی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ کلیہ میں طلباء و طالبات کے ساتھ پیشہ ورانہ تعلیمی تعلق اور جدید ٹریننگ کو مضبوط کرنے کیلئے سرگرمیاں منعقد کی جارہی ہیں۔ ہر ماہ فائنل سمسٹر کے طلباء و طالبات کے لئے عملی رہنمائی فراہم کرنے کے لئے لیکچر اور ٹریننگ کی جارہی ہیں۔ انڈسٹری کے ساتھ آئندہ مضبوط لنکیج قائم کیا جائے گا اور ہم کوشش کریں گے کہ اپنے ان ایلومینائی کو ان اجلاسوں میں ضرور شریک کریں جو اس وقت پولٹری، ویٹرنری، ڈیری، لائیوسٹاک اور دیگر صنعتوں میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر نائب صدر پی وی ایم اے فیصل آباد ڈاکٹر عبدالجبار عباسی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کلیہ بیطاری کی تعلیمی و تربیتی سرگرمیوں کو ماضی میں ویٹرنری ایجوکیشن کے اداروں میں نمایاں مقام حاصل رہا ہے اور ماضی میں رینکنگ کے لحاظ سے کلیہ بیطاری زرعی یونیورسٹی فیصل آباد پورے پاکستان میں پہلے نمبر پر آتا رہا ہے اور دنیا بھر میں ہمارے ایلومینائی ویٹرنری پروفیشن میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ اس لئے دوبارہ اس کھوئے ہوئے مقام کو حاصل کیا جائے۔ ڈاکٹر عبدالجبار عباسی نے کلیہ بیطاری کی نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں ایلومینائی کی طرف سے اپنے بھرپور مالی اخلاقی اور پیشہ ورانہ تعاون کی بھرپور یقین دہانی کرائی۔ ڈاکٹر خالد محمود شوق نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کلیہ بیطاری کی انتظامیہ کو مستحق طلباء کی مالی امداد کے لئے انڈوومنٹ فنڈ کا قیام عمل میں لانا چاہئے اس وقت حالات ہمارے حق میں ہیں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال رندھاوا کی طرف سے بھی کلیہ بیطاری کو بھرپور حمایت حاصل ہے اگر یہ فنڈ قائم ہو جاتا ہے تو ہم کلیہ بیطاری کے تمام مستحق طلباء و طالبات کو تعلیمی میدان میں مالی معاونت کے لئے قرض حسنہ فراہم کر سکتے ہیں اور یہ سلسلہ آئندہ نسلوں تک بھی جاری رہ سکتا ہے۔ کلیہ بیطاری کے سائنس دانوں کو ان تحقیقی و تدریسی سرگرمیوں کی طرف بھی توجہ دینی چاہئے تاکہ عملی میدان میں ان کی تحقیقی، تعلیمی اور ترجیح کاوشوں کا فائدہ ہو سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ویٹرنری میڈیکل کونسل اس سلسلے میں کلیہ بیطاری زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کو بھرپور مدد فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کلیہ بیطاری ہر مہینے میں ایک مرتبہ اقبال آڈیٹوریم زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں ماہانہ اجلاس منعقد کرے جس میں کلیہ بیطاری کے تمام اساتذہ، پوسٹ گریجوایٹ و گریجوایٹ طلباء و طالبات (جونیئر اینڈ سینئرز) شرکت کریں۔ اس اجلاس میں پولٹری، ڈیری، لائیوسٹاک میں خدمات سرانجام دینے والے اداروں کے ان سربراہوں کو مدعو کیا جائے جو کلیہ بیطاری کے ایلومینائی ہیں۔ اس سے تعلیم و تربیت کے مواقع بھی حاصل ہوں گے اور انڈسٹری لنکیج بھی آگے بڑھے گا ان کا کہنا تھا کہ اس وقت پولٹری انڈسٹری میں ٹاپ ٹین میں ڈاکٹر محمد صادق اور ڈاکٹر ایف ایم صابر دونوں کلیہ بیطاری کے ہونہار اور باصلاحیت ایلومینائی ہیں۔ اسی طرح دیگر شعبوں ویٹرنری میڈیسن، ویٹرنری ایجوکیشن، ریسرچ، ٹریننگ، ادب و صحافت میں بھی کلیہ بیطاری زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ایلومینائی ویٹرنری پروفیشن کو لیڈ کر رہے ہیں۔ اگر ہم کوشش کریں تو کلیہ بیطاری زرعی یونیورسٹی فیصل آباد اب بھی تمام اداروں کے لئے رہنما کا کردار ادا کر سکتا ہے۔

تقریب کے صدر ڈاکٹر محمد شریف نے اظہار خیال کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال قریشی اور ڈاکٹر آصف علی بٹ کو خراج تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال قریشی کے ڈین بننے سے کلیہ بیطاری کی تعلیمی و غیر تعلیمی سرگرمیوں میں روانی آئے گی۔ ڈاکٹر آصف علی بٹ نے پچھلے بیس سالوں سے ماہانہ اجلاس (مستھلی میٹنگ) کا جو سلسلہ شروع کر رکھا ہے وہ دیگر شہروں کے ویٹرنیرین کے لئے رول ماڈل ہے۔ اس سلسلے کو دیگر شہروں میں بھی آگے بڑھانا چاہئے۔

ایگری ٹورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن پاکستان کے چیف ایگزیکٹو طارق تنویر نے اس موقع پر ایگری ٹورازم کی تاریخ بیان کی اور اس کی سرگرمیوں پر اظہار خیال کیا۔ انہوں نے شرکاء سے کہا کہ وہ طلباء و طالبات کو غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت کے لئے آمادہ کریں اور سوسائٹی میں مثبت رجحانات کو فروغ دینے کے لئے ایگری ٹورازم کی سرگرمیاں بہترین معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔ انہوں نے اس بات کا خصوصی ذکر کیا کہ کلیہ بیطاری کے ایلومینائی ڈاکٹر محمد شریف، ڈاکٹر عبدالجبار عباسی اور ڈاکٹر خالد محمود شوق نے ایگری ٹورازم کے آئیڈیا کو دنیا بھر میں متعارف کروانے کے لئے بہترین کردار ادا کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ دوست ہمارے ساتھ نہ ہوتے تو ایگری ٹورازم کا آئیڈیا صرف اس باغ محبت تک ہی محدود ہو جاتا لیکن ان لوگوں کا خلوص اس بات کی گواہی ہے کہ اس وقت یہ آئیڈیا پاکستان کی قومی معیشت کو بہتر بنانے کے لئے حکومت کے زیر غور ہے اور حکومت پنجاب کا ٹورازم ڈیپارٹمنٹ اب سرگرمیوں کو منعقد کرنے کے لئے آگے آیا ہے۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں بھی ایگری ٹورازم کلب قائم ہے اور اس ادارے نے بھی ایگری ٹورازم کو فروغ دینے میں ہمارے ساتھ مکمل معاونت کی ہے۔ اس موقع پر ایگری ٹورازم کے ایمبیسیڈر انٹرپینیور چوہدری محمد یاسین رندھاوا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایگری ٹورازم کا مقصد اپنے کسانوں کی معیشت کی بہتری ہے ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا کسان اپنی مصنوعات کو ویلیو ایڈ کے میدان میں لے جائے۔ ہم بیرون ملک سے اپنی صحت اور جسم کی حفاظت کے لئے جو مصنوعات بھاری زرمبادلہ خرچ کر کے درآمد کرتے ہیں وہ عملی طور پر پاکستان میں تیار کی جا سکتی ہیں اور پھر کوشش کی جائے تو ان کے معیار کو بین الاقوامی سطح پر بڑھا کر ان کو برآمدات کے میدان میں بھی لایا جا سکتا ہے انہوں نے اس موقع پر ایلوویرا، موگے، مورنگا اور دیگر قدرتی نباتات سے تیار کردہ مصنوعات بھی دکھائیں اور بتایا کہ ہم بیرون ملک سے ان مصنوعات کی برآمد مہنگے داموں کرتے ہیں جبکہ ملکی سطح پر تیار کرنے میں ان پر بہت کم خرچ آرہا ہے اور یہ بیرون ملک سے درآمد کی گئی مصنوعات کے مقابلے میں زیادہ فائدہ مند اور کارآمد ہے۔ ایگری ٹورازم طلباء و طالبات اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل خواتین و حضرات کو اس بارے میں تربیت فراہم کر سکتا ہے۔

اس موقع پر شرکاء کے اعزاز میں پرتکلف ضیافت دی گئی جس میں پنجاب کے روایتی کھانے ساگ، مکی کی روٹی، کھیر، آلو بخارے کی چٹنی، دیسی مرغ کا سالن، میسی روٹی، السی کی پنیاں اور چائے شامل تھی۔ شرکاء اس روایتی کھانے سے بہت محظوظ ہوئے۔ بعد ازاں ڈاکٹر اے کے خان ہال میں مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال قریشی اور ریٹائرڈ ہونے والے سینئر ویٹرنری آفیسر ڈاکٹر بشیر احمد کو پھولوں کے گلدستے پیش کئے گئے اور باغ محبت میں قائم قادر بخش فارم اینڈ نرسری اور گرین ٹچ ڈیکورہ شاپ کی سیر بھی کروائی گئی۔ سینئر ویٹرنری آفیسر ڈاکٹر بشیر احمد نے اس موقع پر مورنگا کی مصنوعات بھی خصوصی طور پر حاصل کیں اور دوستوں نے ان کو ہنسی مذاق میں اس بات پر بھی پیشگی مبارکباد دی کہ وہ پہلے ہی عربوں کے فلسفہ حیات کے مطابق دو شریک حیات کے اکیلے شوہر ہیں اور امید کی جاتی ہے کہ مورنگا کی مصنوعات کے استعمال سے اب ان کے حرم میں بیک وقت اب دو بیگمات کا اضافہ ہو جائے گا۔ ڈاکٹر بشیر احمد اس موقع پر خوشی سے پھولے اور سمائے دکھائی دیئے۔ پی وی ایم اے کے ماہانہ اجلاس میں ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ننکانہ صاحب ڈاکٹر حیدر علی خان، سینئر ویٹرنیرین ڈاکٹر اللہ بخش، ڈائریکٹر انسٹی ٹیوٹ آف مائیکروبیالوجی پروفیسر ڈاکٹر سجاد الرحمن، بروک انیمل ہیلتھ کے ریجنل نیجر ڈاکٹر سلیم شیخ، معروف ویٹرنیرین ڈاکٹر خالق لال، ڈاکٹر سلیم انجم (اے ڈی آئی او چنیوٹ)، ڈاکٹر کلیم اقبال، ڈاکٹر عرفان، ڈاکٹر ماجد و دیگر افراد نے بھی شرکت کی۔



بانی ایڈیٹر انچیف، پبلشر ڈاکٹر خالد محمود شوق نے سلیم نواز پرنٹنگ پریس فیصل آباد سے چھپوا کر دفتر ہفت روزہ ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز A/392 سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا۔ ایڈیٹر ڈاکٹر تین ظہیر، ایگزیکٹو ایڈیٹر ذیشان خالد

AFTOVAC VACCINE

(FROM VIRUS GROWN IN BHK-21 CELLS; O, A, ASIA-1 SEROTYPES)

ایفٹوویک ویکسین

(جیل بیس)

(سیروٹائپ O,A , Asia-1)

حذیفہ انٹرنیشنل کی طرف سے منہ کھر کی بیماری کے خلاف ایفٹوویک ویکسین اور بھیڑ بکریوں کی بیماری کا ٹا پی پی آر کے خلاف ویکسین کی تعارفی تقریب

سرگودھا میں چیف ایگزیکٹو بشارت ملک، جنرل منیجر بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر ریاست علی، نیشنل سیلز منیجر فضل وہاب، زونل منیجر ڈاکٹر کاظم رشید، ڈاکٹر عدیل ظفر، ڈاکٹر زاہد کا شرکاء سے خطاب

محنت کے بل بوتے ہی دنیا کا کوئی انسان بھی معاشرے میں ترقی کر سکتا ہے، ہماری کمپنیاں ایٹ زان فارماسوٹیکلز اور حذیفہ انٹرنیشنل نے لائیوسٹاک سیکٹر اور پولٹری سیکٹر کیلئے خدمات سرانجام دے رہی ہیں، ہماری کوشش ہوتی ہے کہ ہم ہمیشہ ایک معیاری اور اچھی ادویات اور ویکسین امپورٹ کریں تاکہ اس کا فائدہ مویشی پال حضرات کو ہو، بشارت ملک چیف ایگزیکٹو حذیفہ انٹرنیشنل

حذیفہ انٹرنیشنل نے منہ کھر کی بیماری کے خلاف ترکی سے یہ ویکسین درآمد کی ہے، وہاں ویٹال VETAL اینیمل ہیلتھ پروڈکٹس کا ادارہ یہ ویکسین تیار کرتا ہے، بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر ریاست علی جنرل منیجر

پاکستان میں بیماری کے خلاف سرکاری شعبے اور نجی شعبے میں ٹیکہ جات پائے جاتے ہیں اور ویکسین کی مینوفیکچرنگ اور امپورٹ کی جاتی ہے، حذیفہ انٹرنیشنل نے ترکی سے سیروٹائپ Asia-1 اور O,A کی ویکسین ایفٹوویک آئل بیس اور ایفٹوویک جیل بیس درآمد کی ہے، ترکی میں منہ کھر کی بیماری کی ویکسین جدید پلانٹ پر تیار کی جاتی ہے، ڈاکٹر کاظم رشید

سرگودھا (نمائندہ خصوصی) حذیفہ انٹرنیشنل کے زیر اہتمام 11 دسمبر کو سرگودھا کے ایک مقامی ریسٹورنٹ میں منہ کھر کی ویکسین افٹوویک (آئل بیس) اور (جیل بیس) کی تعارفی تقریب (لانچنگ تقریب) منعقد ہوئی۔ جس میں پاکستان بھر سے کمپنی کے سیلز پروموشن آفیسرز، ٹیکنیکل آفیسرز اور ریجنل منیجرز نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت سے کیا گیا جس کے بعد کمپنی کے جنرل منیجر بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر ریاست علی نے تقریب کے اغراض و مقاصد پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ انہوں نے منہ کھر کی بیماری کے نقصانات کا جائزہ لیا اور بتایا کہ منہ کھر کی بیماری سے مویشی ہی متاثر نہیں ہوتے بلکہ ان کی پیداوار بھی کم ہو جاتی ہے جس کا منفی اثر ان کے مالکان کی معاشی حالت پر مرتب ہوتا ہے۔ مویشی اگر دودھ کی پیداوار کم کر دے تو پھر مویشی پال حضرات اس سے بے حد متاثر ہوتے ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ اس بیماری کے تدارک کے لئے پاکستان میں مناسب اقدامات کئے جائیں۔ حفاظتی اقدامات کے ساتھ ساتھ سب سے ضروری بات یہ ہے کہ مویشیوں کو ایسی ویکسین کا ٹیکہ لگایا جائے جو پاکستان کے مقامی حالات کے مطابق تیار کی گئی ہو۔ حذیفہ انٹرنیشنل نے اس حکمت عملی کے تحت ترکی سے یہ ویکسین درآمد کی ہے۔ وہاں پر ویٹال اینیمل ہیلتھ پروڈکٹس کا ادارہ یہ ویکسین تیار کرتا ہے۔

اس کے بعد زونل اینڈ ٹیکنیکل منیجر ڈاکٹر کاظم رشید نے منہ کھر کی بیماری کے بارے میں تفصیلی لیکچر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ بیماری ایک چھوت کی بیماری ہے جو بیمار جانوروں سے تندرست جانوروں میں منتقل ہو جاتی ہے۔ جانور کے منہ میں زبان، ناک، تھن اور پاؤں پر چھالے بن جاتے ہیں، بیماری کی شدت میں تیزی آنے سے بعض اوقات موت واقع ہو جاتی ہے۔ بیماری کے اثرات میں دودھ اور گوشت کی پیداوار میں بری طرح کمی آتی ہے اور یہ مویشی دیگر بیماریوں کے خلاف بھی قوت مدافعت میں کمی کر دیتی ہے۔ منہ کھر کی بیماری کا وائرس ہوا کے ذریعے تیزی سے پھیلتا ہے، متاثرہ جانور کے دودھ، جسمانی رطوبتوں اور مادہ منویہ سے بھی منہ کھر کی بیماری کا وائرس منتقل ہوتا ہے۔ اس بیماری سے بچاؤ کا واحد حل یہ ہے کہ ان کو فوری طور پر حفاظتی ٹیکہ بروقت لگایا جائے جس سے اس بیماری کے خلاف مویشیوں میں قوت مدافعت پیدا ہو جاتی ہے اور وہ بیماری سے محفوظ رہتے ہیں۔

> ہماری کمپنیوں ایٹ زون اور حذیفہ انٹرنیشنل نے لائیوسٹاک سیکٹر اور پولٹری سیکٹر کے لئے خدمات سرانجام دی ہیں

ڈاکٹر کاظم نے کہا کہ پاکستان میں اس بیماری کے خلاف سرکاری شعبے اور نجی شعبے میں ٹیکہ جات پائے جاتے ہیں اور ویکسین بھی تیار ہوتی ہے اور درآمد کی جاتی ہے۔ حذیفہ انٹرنیشنل نے ترکی سے سیروٹائپ Asia-1 اور O,A کی ویکسین ایفٹوویک آئل بیس اور ایفٹوویک جیل بیس درآمد کی ہے۔ ترکی میں منہ کھر کی بیماری کی ویکسین جدید پلانٹ پر تیار ہوتی ہے۔ ... یہ ویکسین پاکستان میں بڑے جانوروں کے لئے 3 سی سی فی جانور زیر جلد یا گوشت میں لگانا لازمی ہے۔ اس طرح کٹڑوں اور بچھڑوں میں اس کی خوراک 2 سی سی فی جانور زیر جلد یا گوشت میں لگانا لازمی ہے۔ بھیڑ بکری میں ایک سی سی فی جانور زیر جلد یا گوشت میں لگانا چاہئے۔ ایفٹوویک آئل بیس ویکسین کا حفاظتی ٹیکہ ہر 9 سے 12 ماہ کے بعد لازمی طور پر لگانا چاہئے تاکہ جانور بیماری سے محفوظ رہ سکے۔ چھوٹے جانوروں میں پیدائش سے 3 ماہ کے بعد منہ کھر کا حفاظتی ٹیکہ لگائیں، پہلی مرتبہ جس چھوٹے جانور کو منہ کھر کا حفاظتی ٹیکہ لگایا جائے اس میں بہتر قوت مدافعت پیدا کرنے کے لئے پہلے ٹیکے کے ایک ماہ بعد دوسرا ٹیکہ (بوسٹر ڈوز) لگائی جائے۔

ڈاکٹر کاظم رشید کا کہنا تھا کہ ایفٹوویک جیل بیس کا حفاظتی ٹیکہ ہر 6 ماہ بعد لگایا جانا چاہئے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ آئل بیس ٹیکہ زیادہ دیر تک قائم رہتا ہے جبکہ جیل بیس ٹیکہ 6 ماہ بعد لگانا ضروری ہے۔ انہوں نے ٹیکنیکل سٹاف سے کہا کہ وہ اس بیماری کے بارے میں اچھی طرح مطالعہ کریں تاکہ فارمرز کو ویکسین کے متعلق آگاہی دے سکیں۔ ... اس موقع پر ڈاکٹر عدیل ظفر اور ڈاکٹر زاہد نے بھی ٹیکنیکل لیکچرز دیئے اور بھیڑ بکریوں کی بیماری کا ٹا پی پی آر کے متعلق آگاہی دی۔ کمپنی کے نیشنل سیلز منیجر فضل وہاب نے سیلز سٹاف سے کہا کہ وہ پوری تندہی کے ساتھ کمپنی کی کارکردگی کو بڑھانے کے لئے کام کریں جس کے فوائد سب کو ملیں گے۔ آخر میں کمپنی کے چیف ایگزیکٹو بشارت ملک نے تمام شرکاء کو سخت محنت کی تلقین کی اور کہا کہ محنت کے بل بوتے ہی دنیا کا کوئی انسان بھی معاشرے میں ترقی کر سکتا ہے۔ ہماری کمپنیاں ایٹ زان فارماسوٹیکلز اور حذیفہ انٹرنیشنل نے لائیوسٹاک سیکٹر اور پولٹری سیکٹر کیلئے خدمات سرانجام دی ہیں۔ ہماری کوشش ہوتی ہے کہ ہم ہمیشہ ایک معیاری اور اچھی ادویات اور ویکسین امپورٹ کریں تاکہ اس کا فائدہ مویشی پال حضرات کو ہو۔ تقریب کے آخر میں شرکاء کے اعزاز میں شاندار ضیافت دی گئی۔

> متاثرہ جانور کے دودھ، جسمانی رطوبتوں اور مادہ منویہ سے بھی منہ کھر کی بیماری کا وائرس منتقل ہوتا ہے

AFTOVAC-OIL VACCINE

(FROM VIRUS GROWN IN BHK-21 CELLS;
O, A, ASIA-1 SEROTYPES)

FMD (OIL BACE)

INTRODUCTION:

بانی ایڈیٹر چیف، پبلشر ڈاکٹر خالد محمود شوق نے ... فیصل آباد سے چھپوا کر دفتر ہفت روزہ ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز 392/A ... فیصل آباد سے شائع کیا۔

بھینسوں کے گوبر سے بسیں چلانے کا منصوبہ (رائٹرز)

ہوا تازہ رکھنے اور ماحولیاتی وارمنگ کا باعث بننے والی گیسوں کا اخراج کم کرنے کے لئے کراچی میں بائیو گیس سے چلنے والی بسیں متعارف کروائی جائیں گی۔ زیرو اخراج والا گرین بس ریپڈ ٹرانزٹ نیٹ ورک انٹرنیشنل گرین کلائمیٹ فنڈ کی فنڈنگ سے کراچی میں شروع ہوگا جس کی 200 بسیں بائیو میتھین سے چلیں گی۔ جسے کراچی کی 4 لاکھ بھینسوں کا گوبر جمع کر کے تیار کیا جائے گا۔ یہ منصوبہ 2020 سے فعال ہوگا۔ مقامی لوگوں کے مطابق نیا بس سسٹم فضائی آلودگی اور شور کم کرنے میں معاون ثابت ہوگا مگر کیا بسوں کی تعداد اتنی ہوگی جس سے شہر کے بیمار ٹرانسپورٹ سسٹم میں نئی جان پیدا ہو سکے۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے ماحولیاتی ملک امین اسلم نے بتایا کہ اقوام متحدہ کے تحت قائم گرین کلائمیٹ فنڈ ترقی پذیر ملکوں کو صاف ماحول کے فروغ کیلئے فنڈنگ کرتا ہے۔ کراچی پراجیکٹ کیلئے چار کروڑ 90 لاکھ ڈالر فراہم کرے گا جبکہ پراجیکٹ کی کل لاگت 58 کروڑ 35 لاکھ ڈالر ہے۔ باقی فنڈز ایشیائی ترقیاتی بینک اور سندھ حکومت فراہم کریں گے۔ پراجیکٹ چار سال میں مکمل ہوگا۔ ملک اسلم نے بتایا کہ اس پراجیکٹ سے 3200 ٹن گوبر روزانہ سمندر کی نذر ہونے کے بجائے بائیو گیس پلانٹ پر توانائی اور کھاد کی تیاری کیلئے استعمال ہو گا۔ 50 ہزار گیلن تازہ پانی کی بھی بچت ہوگی جو کہ اس وقت ساحل پر ویسٹ کی صفائی کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ تھنک ٹینک لیڈر شپ فار انوائرنمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ کے چیف ایگزیکٹو علی توقیر شیخ نے بتایا کہ ماحول پر اس کے مجموعی اثر کا اندازہ لگانا پیچیدہ عمل ہے کیونکہ بسیں مرحلہ وار متعارف کرائی جائیں گی۔ پاکستانی حکام اکثر دیکھ بھال و مرمت کے بجٹ کا خیال نہیں کرتے، اس لئے مرمت نہ ہونے سے بسوں کے ناکارہ ہونے کا خدشہ ہے۔ پاکستان کی تاریخ رہی ہے کہ اس کے ڈونرز کی فنڈنگ سے شروع کئے گئے منصوبوں کا بھرپور فائدہ نہیں اٹھایا۔ تاہم اگر منصوبہ کامیاب رہا تو پاکستان کا پہلا گرین بی آر ٹی سسٹم دیگر علاقوں کیلئے ماحول دوست ٹرانسپورٹ سسٹم کی بنیاد بنے گا۔ لاہور، ملتان، پشاور، فیصل آباد سمیت دیگر شہروں کیلئے ایک ماڈل اور پلانرز اور پالیسی سازوں کی پبلک ٹرانسپورٹ سے متعلق سوچ میں تبدیلی کا باعث بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذاتی گاڑیوں کے استعمال کی حوصلہ شکنی کیلئے پاکستان کو بڑے شہروں میں ایسے پراجیکٹ شروع کرنے کی ضرورت ہے اس سے سموگ میں کمی، ہوا کے معیار میں بہتری اور لوگوں کی صحت پر مثبت اثرات پڑیں گے۔ 70 فیصد شہری آبادی میں پبلک ٹرانسپورٹ کے استعمال کو ہدف بنانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ فضائی آلودگی کم کرنے کا ایک طریقہ گاڑیوں کیلئے معیاری فیول کی درآمد ہے۔ ہم کم گریڈ کا فیول درآمد کر رہے ہیں۔ ہماری ریفائنریاں صرف تیسرے درجے کا فیول ریفائن کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

www.facebook.com/VetNewsViews FD # 56

پولٹری لائیوسٹاک ڈیری زراعت ماہی پروری جنگلی حیات اور ماحولیات کا پاکستان میں واحد اخبار

ہفت روزہ

ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز

چیف ایڈیٹر: ڈاکٹر خالد محمود شوق | ایڈیٹر: ڈاکٹر تزئین ظہیر | ایگزیکٹو ایڈیٹر: ذیشان خالد | فیصل آباد

جلد نمبر 14 | 08 تا 15 جنوری 2019 | صفحات 10 | قیمت 150 روپے | شمارہ نمبر 10 | ABC سے تصدیق شدہ

Email: pakissan2002@yahoo.com

منسٹری آف نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈی نیشن ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان کا جاری کردہ 2 جنوری 2019 کا پریس ریلیز

ڈریپ کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر شیخ اختر حسین کے خلاف میڈیا میں جھوٹا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، وہ کسی بھی ریفرنس میں نیب کو مطلوب نہیں تھے، غلطی سے ان کا نام ایک دفعہ درج ہوگیا تھا لیکن نیب نے اس کی تردید کردی تھی، اس جھوٹے پروپیگنڈا کے پیچھے وہ لوگ شامل ہیں جن کے خلاف جعلی اور غیر رجسٹرڈ ادویات بنانے پر قانونی کارروائی کی جا رہی ہے، ڈریپ اپنی کارروائی جاری رکھے گا اور کسی طور پر بھی محض جھوٹے پروپیگنڈا کا شکار ہو کر اپنا اصل کام نہیں چھوڑے گا

ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شیخ اختر حسین کی حالیہ تقرری کے بعد میڈیا میں ایک جھوٹی اور بے بنیاد خبر کے پھیلاؤ اور ٹاک شوز پر پروپیگنڈا کیا گیا ہے۔ ان غیر حقیقی خبروں میں کہا گیا ہے کہ ڈریپ کے نومنتخب سی ای او نیب کے کسی ریفرنس (جس میں ان کو مردہ ظاہر کیا گیا تھا) مطلوب تھے۔ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ نیب کا کوئی بھی ریفرنس ان کے خلاف نہیں بنایا گیا۔ ایک ریفرنس میں غلطی سے ان کا نام لکھا گیا تھا جس کی تردید دفتر نے کردی تھی۔ اس ضمن میں تسنیم افضل نامی شخص نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں پٹیشن نمبر 3385/2017 بھی دائر کی تھی۔ عدالت نے اپنی رپورٹ میں واضح کیا کہ شیخ اختر حسین مذکورہ ریفرنس میں کسی طرح کی بدعنوانی میں ملوث نہیں پائے گئے اور ان کے حوالے سے سرکاری اہلکار کی لاپرواہی کا نتیجہ تھا۔ اس وضاحت کے بعد عدالت عالیہ نے کیس کو خارج کر دیا تھا۔ عدالت عالیہ کے فیصلے کے بعد بے بنیاد ڈریپ اور سی ای او کی ساکھ کو متاثر کرنے کی مذموم کوشش ہے۔

یاد رہے کہ ڈریپ کے سی ای او شیخ اختر حسین نے گزشتہ سال جعلی ادویات بنانے والے ایک گروہ کے خلاف قانونی کارروائی شروع کی اور اس شخص نے ان کے خلاف الیکٹرانک، پرنٹ اور سوشل میڈیا پر پروپیگنڈہ کا ایک طوفان برپا کر دیا گیا۔ ڈریپ ٹیم نے اسلام آباد میں جعلی اور غیر رجسٹرڈ ادویات بنانے والی فیکٹری ایورسٹ فارما کے خلاف کارروائی کی اور بڑی تعداد میں غیر رجسٹرڈ، جعلی اور جنسی ادویات برآمد کیں۔ سمگل شدہ خام مال کا ایک گودام بھی سیل کیا گیا۔ فیکٹری کے مالکان محمد عثمان چوہدری وغیرہ کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج کیا گیا۔ نور محمد مہر جو کہ ڈرگ لائیر فورم کا عہدیدار ہے لیکن حقیقت میں ایورسٹ فارما کے مالکان میں شامل ہے اور نامزد ملزم ہے۔ ڈرگ کورٹ اسلام آباد اس شخص کو اشتہاری قرار دے چکی ہے اور اس شخص کی گرفتاری تاحال نہیں ہوئی ہے۔ اسی کا فائدہ اٹھا کر یہ شخص ایک بار پھر میڈیا کا سہارا لے کر گمراہ کن پروپیگنڈا کر رہا ہے اس پروپیگنڈا کا خصوصی مقصد صرف اور صرف ڈریپ کی اپنے کام سے توجہ ہٹانے کی کوشش ہے تاکہ وہ جعلی اور غیر رجسٹرڈ ادویات کے خلاف کارروائی کی بجائے اس شخص کے پروپیگنڈا کے جواب میں الجھ جائے۔

گزشتہ چند مہینوں میں جعلی اور غیر رجسٹرڈ ادویات بنانے والوں کے خلاف کارروائی میں خاطر خواہ کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ اس کے لئے قومی سطح پر ٹیکنیکل ٹاسک فورس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اور مجرموں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائیاں کی گئی ڈریپ کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والے عناصر میں جعلی ادویات بنانے والا مافیا جس کا سرغنہ نور محمد مہر ہے سرفہرست ہے۔

اس کے باوجود بھی ڈریپ جعلی ادویات کے خلاف کارروائی سے پیچھے نہیں ہٹے گی اور جعلی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کی پشت پناہی کرنے والے (نور محمد مہر) کے پروپیگنڈا کی وجہ سے اپنے اولین کام جعلی ادویات کے خاتمہ سے ہرگز دستبردار نہیں ہوگی۔ ڈریپ نے میڈیا سے بھی درخواست کی کہ وہ ڈریپ کا موقف جانے بغیر ایسے مجرموں کے پروپیگنڈا پر کان نہ دھریں اور ایسے شخص کو جانے انجانے میں میڈیا کا ناجائز استعمال نہ کرنے دیں۔

دریں اثناء ایڈیشنل ڈائریکٹر لیگل ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان کی طرف سے اس خبر پر جیو نیوز اسلام آباد کے ڈائریکٹر رانا جواد کو خط بھی ارسال کیا گیا ہے جس میں اس خبر کو بے بنیاد کہا گیا ہے۔ 28 دسمبر 2018 کو لکھے جانے والے اس خط کی مکمل نقل ہفت روزہ ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز کے فیس بک پیج پر دستیاب ہے جس میں اس خبر کو گمراہ کن قرار دیا گیا اور کہا گیا ہے کہ یہ ڈریپ کے خلاف غلط خبر ہے۔ کہ اس کے متعلق خبر کی وضاحت چھاپی جائے اور جیو نیوز کے نیٹ ورک سے ڈریپ کے خلاف اس خبر کو ختم کیا جائے۔



دی ورلڈز پولٹری سائنس ایسوسی ایشن پاکستان برانچ کی سرگرمیاں اور آئندہ لائحہ عمل

تحریر: ڈاکٹر ناصر مختار نائب صدر و اسسٹنٹ پروفیسر پولٹری

دی ورلڈز پولٹری سائنس ایسوسی ایشن 1912 سے قائم ہے اور 80 سے زائد ممالک میں آزادانہ طور پر کام کر رہی ہے اس کے 8000 سے زیادہ ممبرز ہے اور 10 سے زیادہ ورکنگ گروپس ہے، ورکنگ گروپ 1 پولٹری ہیلتھ و ویلفیئر ورکنگ گروپ کے گروپ لیڈر ڈاکٹر محمد صادق (صدر ورلڈز پولٹری سائنس ایسوسی ایشن پاکستان برانچ) ہیں، ورکنگ گروپ 2 پولٹری نیوٹریشن و گٹ ہیلتھ ورکنگ گروپ کے گروپ لیڈر ڈاکٹر محمد اطہر جنرل منیجر (ریسرچ و ڈویلپمنٹ) ہائی ٹیک گروپ لاہور ہیں



دی ورلڈز پولٹری سائنس ایسوسی ایشن 1912 سے قائم ہے اور 80 سے زائد ممالک میں آزادانہ طور پر کام کر رہی ہے اس کے 8000 سے زیادہ ممبرز ہے اور 10 سے زیادہ ورکنگ گروپس ہے۔ انٹرنیشنل طرز پر پاکستان پولٹری انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق دی ورلڈز پولٹری سائنس ایسوسی ایشن پاکستان برانچ نے 12 مختلف ورکنگ گروپس کو ترتیب دیا ہے جن کو پاکستان پولٹری انڈسٹری اور مختلف یونیورسٹی کے اعلیٰ و ماہر شخصیات بطور گروپ لیڈر لیڈ کریں گے یہ گروپ لیڈر سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن بھی شمار ہوں گے اور پولٹری کے متعلقہ شعبہ کے حل کیلئے پاکستان کے مختلف شہروں میں مختلف تعلیمی و انڈسٹری کی شخصیات کے تعاون سے انٹرنیشنل ٹریننگ، سیمینار، سمپوزیم، کانفرنس اور کانگریس کا انعقاد کریں گے یہ ایونٹس ہمیشہ انڈسٹری کے مسائل کے حل کے لئے انعقاد کئے جائیں گے۔

پاکستان میں ابھی تک دو ورکنگ گروپس فعال ہے ان میں پولٹری ہیلتھ و ویلفیئر اور پولٹری نیوٹریشن و گٹ ہیلتھ شامل ہے۔

ورکنگ گروپ 1 پولٹری ہیلتھ و ویلفیئر

اس ورکنگ گروپ کے گروپ لیڈر ڈاکٹر محمد صادق (صدر ورلڈز پولٹری سائنس ایسوسی ایشن پاکستان برانچ) ہیں اس کے علاوہ ملک کے مشہور ماہرین اس کے ممبرز ہیں۔ اس گروپ کا بنیادی کام ملک میں پولٹری کی مختلف بیماریوں کے روک تھام کے لئے ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے جس میں ملکی و غیر ملکی ماہرین ایک جگہ اکٹھے ہو کر ان مسائل کو زیر بحث لائے اور ان کی روک تھام کے لئے مجوزہ حل پیش کرے۔ اس کے علاوہ پاکستان پولٹری انڈسٹری اور مختلف پاکستانی یونیورسٹیوں کا انٹرنیشنل اداروں سے تعلق قائم کروانا بھی شامل ہے۔ یہ ورکنگ گروپ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں ملکی و غیر ملکی ماہرین کے تعاون سے پہلی پولٹری سمپوزیم برائے ہیلتھ و ویلفیئر کا اہتمام کر چکا ہے۔ اس میں 500 سے زائد مندوبین نے شرکت کی تھی اور انتہائی اہم موضوعات کو زیر بحث لایا گیا تھا۔ یہ اپنی نوعیت کی پہلی انٹرنیشنل کانفرنس تھی۔ اس سمپوزیم میں پیش کئے جانے والے سائنسی مقالہ جات کے خلاصے (ABSTRACTS BOOK) بھی شائع کی گئی اور یہ انٹرنیٹ پر بھی دستیاب ہے۔

ورکنگ گروپ 2 پولٹری نیوٹریشن و گٹ ہیلتھ

اس اہم ورکنگ گروپ کے گروپ لیڈر ڈاکٹر محمد اطہر جنرل منیجر (ریسرچ و ڈویلپمنٹ) ہائی ٹیک گروپ لاہور ہیں اس گروپ کا بنیادی مقاصد میں ملکی ماہرین کے درمیان رابطہ قائم کرنا ہے اور پاکستان پولٹری انڈسٹری کے متعلقہ شعبے کے مسائل کے حل کے لئے ایک ایسا پلیٹ فارم پیش کرتا ہے جہاں پاکستان فیڈ مل مالکان اور پولٹری فارمرز کے پیچیدہ مسائل کو زیر بحث لایا جا سکے۔ مزید ازاں فیڈ مل مالکان کے لئے متبادل اور نئے نئے پروٹین کے ذرائع کی افادیت بیان کرتا ہے۔ یہ ورکنگ گروپ اس سال لاہور میں پولٹری نیوٹریشن و گٹ ہیلتھ پر سمپوزیم یا کانفرنس کا ارادہ رکھتا ہے۔ اس سلسلہ میں رفاہ کالج آف ویٹرنری سائنس لاہور نے اس کے انعقاد کیلئے اپنی خدمات پیش کی ہیں جس کا فیصلہ آئندہ اجلاس میں کیا جائے گا۔

اس کے علاوہ آئندہ کے پروگرام میں مندرجہ ذیل گروپس کو بھی فعال کیا جائے گا۔ جس کے لئے ملک کے اعلیٰ پائے کے ماہرین کی خدمات حاصل کی جائے گی یہ گروپس مندرجہ ذیل ہیں۔

ورکنگ گروپ 3۔ پولٹری بریڈنگ و جینیٹکس
ورکنگ گروپ 4۔ لیئر ویلفیئر و ایگ کوالٹی
ورکنگ گروپ 5۔ براعکر میٹ کوالٹی
ورکنگ گروپ 6۔ فزیالوجی و انکوبیشن
ورکنگ گروپ 7۔ کنٹرول ہاؤس مینجمنٹ و وینٹیلیشن
ورکنگ گروپ 8۔ پولٹری پروسیسنگ و ویلیو ایڈیشن
ورکنگ گروپ 9۔ پولٹری اکنامکس، مارکیٹنگ و ایکسپورٹ
ورکنگ گروپ 10۔ سمال سکیل فیملی پولٹری
ورکنگ گروپ 11۔ ریٹائٹ گروتھ
ورکنگ گروپ 12۔ واٹر فوئل (بطخ پانی)

دی ورلڈز پولٹری سائنس ایسوسی ایشن پاکستان برانچ ان موضوعات پر ہر سال سمپوزیم یا کانفرنس کا ارادہ رکھتی ہے۔ مزید ازاں ہر چار سال کے بعد کانگریس کے انعقاد کا بھی ارادہ رکھتی ہے۔ انشاءاللہ

لائیوسٹاک کی برآمدات سے خطیر زرمبادلہ حاصل ہوگا، میاں زاہد

ملکی زرعی پیداوار میں لائیوسٹاک کا حصہ 59 فیصد اور جی ڈی پی میں 12 فیصد ہے

کراچی (نمائندہ خصوصی) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم و آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ لائیوسٹاک سیکٹر کل زرعی پیداوار میں 59 فیصد اور ملکی جی ڈی پی میں 12 فیصد کا حصہ دار ہے۔ لائیوسٹاک سیکٹر نے مالی سال 18ء میں پرائیویٹ سیکٹر کی جانب سے برآمد گوشت سے 105 ملین ڈالرز کا زرمبادلہ حاصل کیا۔ بزنس کمیونٹی سے بات چیت کرتے ہوئے میاں زاہد نے کہا کہ لائیوسٹاک سیکٹر کی برآمدات کئی اشیاء پر مشتمل ہیں جن میں کھالیں، ہڈی اور ہڈی سے بننے والی اشیاء، زندہ، اون اور پولٹری شامل ہیں۔ تین ٹریلین ڈالرز کی حلال گوشت کی بین الاقوامی مارکیٹ میں پاکستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ تاہم لائیوسٹاک کی پیداوار کے اعتبار سے پاکستان خود کفیل ہے اور درآمدات نہ ہونے کے باعث زرمبادلہ کی بچت ہوتی ہے۔ گزشتہ مالی سال 9 ہزار دودھ دینے والی گائیں درآمد کی گئیں جن سے سالانہ 61 ملین ٹن دودھ کمرشل سسٹم میں شامل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی جی ڈی پی میں لائیوسٹاک سیکٹر کا حصہ گزشتہ پانچ سال سے 11 سے 12 فیصد تک محدود ہے۔ پاکستان کو اس سیکٹر کی پیداوار کی افزائش، جدت اور تنوع کی ضرورت ہے تاکہ اس شعبے کی بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل ہو سکے۔ گزشتہ دو دہائیوں سے دنیا میں گوشت، دودھ اور انڈوں کی طلب میں آبادی بڑھنے، شہری آبادی میں اضافے اور گھریلو آمدن بڑھنے سے اضافہ ہوا ہے۔ جس سے لائیوسٹاک کی برآمدات بڑھانے کا سنہری موقع ہے۔ جس سے خطیر زرمبادلہ حاصل ہوگا۔

اپیل!

جنوری کی سرد اور طویل راتیں ڈسٹرکٹ جیل اٹک کے اسیران کیلئے بہت بھاری ہیں۔ یہ اسیران معمولی، غیر معمولی مقدمات کی سزا کاٹ رہے ہیں۔ سردی کی شدت آہنی سلاخوں سے گزر کر مزید کاٹنے دار ہو جاتی ہے اور کبھی ایسی سرد رات کی موت ہے بس زندگی کا قصاص بن جاتی ہے۔ بوڑھے قیدیوں کیلئے ابتدائی طور پر 100 عدد گرم سویٹرز کی فوری ضرورت ہے۔ براہ کرم ہر اہل خیر ایک عدد صاف دھلا ہوا گرم سویٹر یا جرسی صدقہ کر کے اسیران کو سردی سے بچانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ الحمرا سویٹ اینڈ بیکرز چوک فوارہ اٹک میں جمع کرائے جا سکتے ہیں۔ 0322-9495965

بانی ایڈیٹران چیف، پبلشر ڈاکٹر خالد محمود شوق نے سلیم نواز پرنٹنگ پریس فیصل آباد سے چھپوا کر دفتر ہفت روزہ ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز 392/A سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا۔ ایڈیٹر ڈاکٹر تزئین ظہیر، ایگزیکٹو ایڈیٹر ذیشان خالد

اہم اطلاع

ہفت روزہ ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز میں اپنے توسیعی مضامین شائع کروانے کے لئے اردو کے مضامین ان پیج فائل میں اور انگریزی کے مضامین WP پروگرام میں اس ای میل پر ارسال کئے جائیں۔

(ڈاکٹر تحسین ظہیر)
(ایڈیٹر ہفت روزہ ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز)

article.vet.news.n.views@gmail.com

www.facebook.com/VetNewsViews FD # 56

پولٹری لائیوسٹاک ڈیری زراعت ماہی پروری جنگلی حیات اور ماحولیات کا پاکستان میں واحد اخبار

ہفت روزہ
ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز

چیف ایڈیٹر: ڈاکٹر خالد محمود شوق
ایڈیٹر: ڈاکٹر تحسین ظہیر
ایگزیکٹو ایڈیٹر: ذیشان خالد
فیصل آباد

جلد نمبر 14 | 08 تا 15 جنوری 2019 | صفحات 10 | قیمت 150 روپے | شمارہ نمبر 10 | ABC سے تصدیق شدہ

Email: pakissan2002@yahoo.com

وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کا جگیت پیر لائیوسٹاک فارم بہاولپور کا اچانک دورہ

بہاولپور (ڈاکٹر جاسر آفتاب) وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے بغیر پروٹوکول محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب کے گورنمنٹ لائیوسٹاک فارم جگیت پیر بہاولپور کا اچانک دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر خوراک پنجاب سمیع اللہ چوہدری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وزیر اعلیٰ سیدھا ڈیری سیکشن پر گئے۔ اس وقت ڈاکٹر مظہر ویٹرنری آفیسر ڈیوٹی پر موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ نے متعلقہ سٹاف سے فارم پر مسائل کے بارے پوچھا۔ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے سٹاف کو ڈیوٹی پر ہونے پر شاباش بھی دی۔ انہوں نے فارم کے دفتر میں نماز بھی ادا کی۔

حلال فوڈ اینڈ سیفٹی اتھارٹی کی کارکردگی مزید موثر بنانے کی ضرورت، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان

خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ محمود خان نے معیاری خوراک، مارکیٹ میں قیمتوں کی مانیٹرنگ، صفائی کے لئے ایک منظم طریقہ کار وضع کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا حلال فوڈ اینڈ سیفٹی اتھارٹی کو صوبے میں معیاری اشیائے خوردونوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے ٹھوس اقدامات کی بھی ہدایت کی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلال فوڈ اینڈ سیفٹی اتھارٹی کے دورے کے دوران کیا۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ خیبر پختونخوا میں حلال فوڈ اینڈ سیفٹی اتھارٹی نے جس وسیع پیمانے پر بازاروں میں گندے اور مضر صحت اشیاء خوراک فراہم کرنے والے ریستورانوں اور دکانوں کے خلاف جو کارروائی شروع کر رکھی ہے اس کے مثبت اثرات سامنے آ رہے ہیں۔ کھانے پینے کی اشیاء فراہم کرنے والے ہوٹل، ریستوران اور دکانوں پر اب پہلے سے کہیں زیادہ حفظان صحت کے اصولوں کا خیال رکھا جا رہا ہے تاہم اس کے ساتھ ساتھ اس بات کو بھی یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ عوام کی صحت سے کھیلنے والوں کا مستقل طور پر سدباب ہو سکے۔ ملک میں ہوٹلوں، ریستورانوں اور کھانے پینے کی اشیاء فروخت کرنے والوں کے لئے ایک قوانین پہلے سے موجود ہیں لیکن بدقسمتی سے ان پر عملدرآمد نہیں ہو رہا جس کی وجہ سے مفاد پرست عناصر نہ صرف من مانے نرخ ناموں کے عوض عوام کو لوٹ رہے ہیں بلکہ انتہائی مضر صحت اشیاء کی فروخت کھلے عام جاری ہے۔ میڈیا میں ایسی خبریں روز سامنے آ رہی ہیں کہ فلاں جگہ پر مردار گوشت بیچنے والے پکڑے گئے تاہم ایسے عناصر کے لئے سزائیں ایسی نہیں کہ وہ اس مذموم کاروبار سے منع ہو سکیں۔ لہٰذا چند روز بعد وہ دوبارہ عوام کی صحت سے کھیلنے کا دھندہ شروع کر دیتے ہیں۔ حفظان صحت کے قوانین پر عملدرآمد کیلئے ایک مستقل مانیٹرنگ نظام کی ضرورت ہے جس کے تحت اتھارٹی کے اہلکار صرف دفاتر تک محدود نہ ہوں بلکہ وہ روزانہ کی بنیاد پر اس عمل کی نگرانی کریں اور اچانک چھاپے ماریں تاکہ مارکیٹ میں اس بات کا خوف برقرار رہے کہ کسی بھی وقت انہیں چیک کیا جا سکتا ہے۔ ساتھ ہی پورے صوبے میں ایک آگاہی مہم شروع کرنے کی بھی ضرورت ہے تاکہ عوام میں بھی اس حوالے سے آگہی پیدا ہو اور وہ خود بھی ایسے عناصر کے خلاف میدان میں آ کر حکومت کا ہاتھ بٹا سکیں۔ حلال فوڈ اینڈ سیفٹی اتھارٹی کو صرف صوبائی دارالحکومت پشاور اور چند بڑے بڑے شہروں تک محدود نہیں رکھنا چاہئے بلکہ صوبہ بھر تک اس کو وسعت دینا وقت کی ضرورت ہے کیونکہ مفاد پرست عناصر ہمیشہ سے ایسے مقامات کو چنتے ہیں جہاں پر کم سے کم قانون کی عملداری ہوتی ہے۔ حلال فوڈ اینڈ سیفٹی اتھارٹی نے پچھلے آٹھ مہینوں میں جرمانوں اور فیسوں کی مد میں 78 ملین روپے خزانے میں جمع کئے ہیں یہ ایک بڑی کامیابی ہے تاہم صرف جرمانوں کی حد تک اسے محدود رکھنا عوام کے ساتھ زیادتی ہوگی بلکہ ایک مکمل اور جامع مانیٹرنگ کا نظام وقت کی ضرورت ہے اس کے علاوہ اشیاء خوردونوش کا کاروبار کرنے والوں کو لائسنس اور اجازت نامہ صرف اسی صورت میں جاری کیا جائے جب وہ تمام قوانین پر عملدرآمد کی یقین دہانی کرائیں اور اپنی جگہ پر حلال فوڈ اینڈ سیفٹی اتھارٹی کے مقررہ کردہ پیمانوں کے مطابق تمام انتظامات یقینی بنائیں۔

ڈاکٹر عبدالوحید علوی کو خدا حافظ

31 دسمبر 1958 کو پیدا ہونے والے یکم جنوری 2019 سے ریٹائرڈ ہو گئے

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) صوبہ خیبر پختونخوا کے اہم ویٹرنری لیڈر ڈاکٹر عبدالوحید علوی 31 دسمبر 2018 کو اپنی عمر 60 سال پوری ہونے پر سرکاری ملازمت سے ریٹائرڈ ہو گئے۔ وہ 31 دسمبر 1958 کو پیدا ہوئے تھے انہوں نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد سے ڈی وی ایم کا امتحان پاس کیا اور اس کے بعد صوبہ خیبر پختونخوا سے بطور ویٹرنری آفیسر سرکاری ملازمت کا آغاز کیا۔ ترقی کرتے کرتے وقت ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر لائیوسٹاک مقرر ہوئے انہوں نے ایبٹ آباد نوشہرہ ہری پور میں اپنے فرائض سرانجام دیئے۔ مرنجاں مرنج ڈاکٹر عبدالوحید علوی نہایت خوش اخلاق اور خوش گفتار شمار ہوتے ہیں۔ ان کا رابطہ نمبر درج ذیل ہے۔ +92-300-9117558

نوٹ: پولٹری ڈسکشن کے زیر عنوان شائع شدہ تحریروں سے ادارہ ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔ لیکن بات تلخ ہے اور حقائق پر مبنی ہے۔ ہم فارمرز کی اس چیخ و پکار کو صرف اس لئے شائع کر رہے ہیں کہ آج کے تاپ مجن اداروں کے بیشتر سربراہان اپنے آپ کو چالیس سال پہلے والا فارمر سمجھیں اس وقت کیا ہوتا تھا، اور اب کیا ہے۔ پولٹری انڈسٹری کو اس سماجی ناانصافی پر فارمرز کی آواز کو سننا ہوگا کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔ جوش جذبات میں اگر وہ کچھ باتیں کڑوی اور حقائق کے خلاف بھی کر دیتا ہے تو اس پر گرفت ضروری نہیں ہے ہم نے ایک دفعہ پھر پولٹری فارمرز سے درخواست کریں گے کہ اپنے کاروبار کو خود سنبھالیں اور سرمایہ کاری کرتے وقت زمانے کی اونچ نیچ کا ضروری خیال کریں۔ بعد میں رونا دھونا ہی باقی رہ جاتا ہے۔ کوئی کسی کی بات نہیں سنتا۔ اس لئے تو ہم کہتے ہیں کہ ہمیں اب پائیدار پولٹری کے نعرے کو اپنانا ہے۔ (ڈاکٹر خالد محمود شوق)

پولٹری ڈسکشن

عمران رانا

کچھ اپنے گریبان کیلئے

رابطہ وٹس ایپ +92-321-7486389

ہفت روزہ ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز کی ادارتی ٹیم میں عمران رانا کا اضافہ ہو گیا ہے جو کہ کہنہ مشق صحافی ہیں اور پولٹری فارمنگ کے معاملات پر گہری نظر رکھتے ہیں ان کی انٹرنیٹ پر شائع شدہ تحریریں پولٹری فارمنگ سے وابستہ افراد کے لئے نہایت سبق آموز ہیں جن پر عمل پیرا ہو کر پولٹری فارمر اپنے آپ کو پولٹری کی پائیدار ترقی میں شامل کر سکتے ہیں۔

ہر بار صرف فارمز ہی کیوں؟

پولٹری کی صنعت پاکستان کی واحد صنعت ہے جو ملکی معاشی بدحالی کے باوجود پہلے سے بہتر بلکہ بہترین کی جانب گامزن ہے۔ اس صنعت نے کمال کی ترقی کی ہے۔ نوے کے عشرے میں کچھ فیڈ ملز دو چار ہیچریز اور اوپن فارمز، ایک پسماندہ سا تصور ذہن میں آتا ہے اور اب جدید ترین کنٹرول شیڈز بلکہ کیج فارمز لاتعداد فیڈ ملز ہیچریز اور سب سے بڑی بات چکن میٹ کی بین الاقوامی معیار کی فیکٹریاں یہ سب خوش کن ہے اور موجود بھی ہیں اس تمام روشن ترقی میں ایک دھبہ ہے۔ بڑی عجیب بات ہے مرغی پالنے والا مرکزی کردار آج بھی بدحالی میں ہے۔ حالانکہ یہی مین کردار ہے اور اس کی خوشحالی تمام انڈسٹری کی خوشحالی کی ضامن ہے مگر اسی کردار کا استحصال سب سے زیادہ ہے۔ بہت سی وجوہات ایسی ہیں جو کہ حکومتی مداخلت کے بغیر ختم نہیں ہو سکتی اگر حکومت معمولی سی بھی دلچسپی لے تو فارمرز آج بھی خوشحال ہو سکتا ہے۔ چوزے کا ریٹ فکس کیا جائے چوزہ کی لاگت پر جائز منافع کا تعین ہو۔ چوزہ کی زیادہ سے زیادہ لاگت بیس سے پچیس روپے بشمول منافع بنتی ہے۔ فیڈ بیگ کا ریٹ فکس ہو اور اس میں ڈالے جانے والے اجزائے ترکیبی واضح طور پر فیڈ بیگ پر پرنٹ ہوں۔ اس وقت تقریباً ستر سو روپے میں تیار ہونے والا فیڈ بیگ چوبیس سو روپے نقد میں فروخت ہو رہا ہے اس پر مزید ستم اگر یہی فیڈ بیگ چالیس دن پر ادھار لیا جائے تو اس کا ریٹ ڈیڑھ سو روپے مزید بڑھا دیا جاتا ہے جسے پرسنٹیج جیسا نام دیا جاتا ہے درحقیقت یہ سود ہے اور اتنی بلند شرح سے سود آج تک کسی کاروبار میں نہیں ہے۔ سات سو روپے فی بیگ منافع لینے کے بعد اگر چالیس دن کا ادھار ہو تو ڈیڑھ سو روپے مزید بڑھا دیئے جاتے ہیں۔ حکومت وقت کو چاہئے اس پر نوٹس لے ظلم اور مزید ظلم آخر کب تک۔ پولٹری میڈیسن کا شعبہ بھی فارمرز کا استحصال کر رہا ہے۔ نقد دو ہزار روپے پر ملنے والی دوا چالیس دن ادھار پر کم از کم مزید پانچ سو روپے مہنگی دی جاتی ہے اور زیادہ تر دوا جعلی بنائی جاتی ہے۔ لاہور سرگودھا چنڈی کی مارکیٹوں میں ایسی ادویات دھڑلے سے فروخت کی جاتی ہیں۔ میڈیسن کا معیاری نہ ہونے کی وجہ سے ڈیزیز کنٹرول میں نہیں ہوتا اور فارمرز کی معاشی بدحالی کا سبب بنتا ہے اور اس سے بھی بھیانک ترین پہلو یہ ہے کہ پولٹری ویکسین قابل اعتماد نہیں مل رہی۔ اس کی معیاری سٹوریج نہیں کی جاتی۔ فارمرز کے لئے مال سیل کرنے کا مرحلہ بھی اب مشکل ترین بن گیا ہے مال کی پے منٹ پندرہ سے بیس دن میں ہوتی ہے اگر کنڈا کیش لے تو پھر بھی ریٹ پر لیس دینی پڑتی ہے اس پر مال بکتا ہی نہیں اس پر لیس دینی پڑتی ہے جو کم سے کم پانچ سے سات روپے ہوتی ہے اور زیادہ سے زیادہ کی حد نہیں۔ کیا اناؤنس شدہ ریٹ فارمرز کا حق نہیں اور یہ ریٹ ہمیشہ فارمرز کی پہنچ سے دور رہا۔ یہ مارکیٹ کی صورت حال ہے ایک طرف حکومت عوام کو مرغی انڈے کی جانب راغب کر رہی ہے تو دوسری طرف جو لوگ یہی کاروبار کر رہے ہیں ان کا استحصال کیا جا رہا ہے۔ براہ کرم حکومتی سطح پر فیڈ چوزے اور تیار مال کے ریٹس پر توجہ دی جائے اور معیاری ادویات اور ویکسین کی فراہمی کو ممکن بنایا جائے۔

یہ کیا ہوا؟... یہ کیوں ہوا؟... یہ کیسے ہوا؟

تمام فارمرز بھائیوں کی خدمت میں کچھ سوال چھوڑ رہا ہوں دل مانے تو جواب دے دیجئے گا ورنہ جو ہو رہا ہے وہ تو سب کے سامنے ہی ہے۔

آج کل جو چوزہ مارکیٹ میں آ رہا ہے وہ 65 سے لے کر 75 والا چوزہ ہے اور جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے یہ وہی چوزہ ہے جس کو لینے کے لئے فارمرز بے تاب تھے اور یہ چوزہ ایک مہینے کی بکنگ پر مل رہا تھا اور ڈاکٹر حضرات فون پر بھی بات کرنا تک مناسب نہیں سمجھتے تھے۔ یہ وہی چوزہ ہے جس نے چھوٹے سے لے کر بڑے فارمرز یہاں تک کے بڑے بڑے گروپس کو لائن میں لگنے میں مجبور کر دیا تھا یہاں تک کے مالکوں کی سفارشوں سے چوزہ مل رہا تھا۔ یہ وہی چوزہ ہے جس کے بارے میں کہا جا رہا تھا کہ چوزے کی قلت کا مطلب مشینوں سے نکلنے کی پیداوار انتہائی کم ہے اور بیشتر چوزہ افغانستان جا رہا ہے۔ یہ وہی چوزہ ہے جو کہ فارمرز نے اپنا سارا سرمایہ لگا کر خریدا اور ان چوزہ کمپنیوں کے ڈاکٹرز کی چکنی چپڑی باتوں میں آ کر اپنا سارا سرمایہ داؤ پر لگا دیا۔ یہ وہی چوزہ ہے جس کو ڈاکٹرز نے کہا کہ جنوری تک کی بکنگ دستیاب ہے اور یہ 90 پر جاتا ہے۔ یہ وہی چوزہ ہے جو آج مارکیٹ میں نکل رہا ہے اور جو اس پر لاگت آ رہی ہے بروڈنگ، میڈیسن، مہنگی ترین فیڈ، مہنگی ترین بجلی، مہنگا ترین ڈیزل، کم از کم 140 سے 150 کے درمیان آ رہی ہے۔ یہ وہی چوزہ ہے جو آج کل جس ریٹ میں بک رہا ہے سب کو معلوم ہے اور بتانے کی ضرورت نہیں کہ کس بھاؤ میں بک رہا ہے۔

یہ کیا ہوا ہے؟ یہ کیا ہو رہا ہے؟ یہ کیوں ہو رہا ہے؟۔

آج بھی وہی چوزہ ہے وہی ڈاکٹرز ہیں وہی کمپنیاں ہیں اور جنوری ابھی شروع نہیں ہوا اور روز چوزہ اپنی اناؤنس کردہ قیمت سے بھی نیچے بک رہا ہے۔ وہی ڈاکٹرز ہیں جو فون کر کے اب پرانے تعلقات یاد کروا رہے ہیں۔

کیا کوئی ان سے پوچھنے والا نہیں کہ انہوں نے اتنا بڑا ظلم کیوں کیا؟

فارمرز کو مقروض کر دیا۔

بستے بستے گھروں کو اجاڑ دیا۔

کتنے لوگوں کی امیدیں ٹوٹیں لوگ برباد ہوئے کتنے لوگ...... اور وہ کمپنیاں جو پریمیم چوزے کے نام پر ایک روپیہ ایکسٹرا لیتی رہیں، آج یہ تمام کمپنیز اور ان کے تمام بڑے عہدیداران اور تمام ڈاکٹرز چپ چاپ خاموشی سے بیٹھ کر فارمر کی تباہی اور ان کے اٹھتے ہوئے جنازے پر شہنائیاں بجا رہے ہیں اور اپنے جھوٹ کو جیت سمجھ کر خوش ہو رہے ہیں۔

یہ کیا ہوا؟...... یہ کیوں ہوا؟...... یہ کیسے ہوا؟...... سمجھ میں آئے تو بتانا ضرور

الداعی الخیر مظلوم و مقروض فارمر

Manufactured by:

STAR LABORATORIES(PVT)LTD.

(Animal Health Care Division)

23-km, Multan Road, Lahore-Pakistan

URL:www.starlabs.com.pk

UM ENTERPRISES — POULTRY DISEASE TESTING KITS | پولٹری کی بیماریوں کی ٹیسٹنگ کٹس — IDEXX LABORATORIES

- Protect Your Poultry Business.
  - Invest on IDEXX Test.
  - Protect Your Investment.
- Monitor Your Flock Health With Titers.
- Early Detection & Prevention of Disease.
- Improve the Efficacy of Vaccination.
- Protect Your Flock From ND, IB, IBD & AI etc.

- اپنے پولٹری کے کاروبار کو بچائیے۔
  - بذریعہ آئی ڈیکس ٹیسٹ۔
  - اپنے سرمائے کو محفوظ کریں۔
- ٹائٹرز سے اپنے فلاک کی نگرانی کریں۔
- بیماریوں کی قبل از وقت تشخیص اور علاج کریں۔
- ویکسین کی افادیت کو مزید بہتر کریں۔
- اپنے فلاک کو IBD, IB, ND اور AI وغیرہ سے بچائیے۔

Plot # 12, Sector # 15, Korangi Industrial Area, Karachi # 74900, Pakistan. Phone: (+92-21) 35061616 / 35050074-7 / email: umdx@um.com.pk

ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز
+92-41-2665352 ایڈیٹر انچیف ، پبلشر: ڈاکٹر خالد محمود شوق A-392 سمن آباد فیصل آباد
+92-41-2644382 پرنٹر: سلیم نواز پرنٹنگ پریس P-28/1 فیصل آباد

حیوانات / حشرات سے متعلقہ ارشادات ربانی

بخت بیدار خاں، عبدالشکور چوہدری، فواد احمد
زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

سورۃ انعام آیت 138 تا 139 : کہتے ہیں یہ جانور اور یہ کھیت محفوظ ہیں، انہیں صرف وہی لوگ کھا سکتے ہیں جنہیں ہم کھلانا چاہیں، حالانکہ یہ پابندی ان کی خودساختہ ہے۔ پھر کچھ جانور ہیں جن پر سواری اور بار برداری حرام کر دی گئی ہے اور کچھ جانور ہیں جن پر اللہ کا نام نہیں لیتے اور یہ سب کچھ انہوں نے اللہ پر افترا کیا ہے۔ عنقریب اللہ انہیں ان افترا پردازیوں کا بدلہ دے گا۔ اور کہتے ہیں جو کچھ ان جانوروں کے پیٹ میں ہے یہ ہمارے مردوں کے لئے مخصوص ہے اور ہماری عورتوں پر حرام، لیکن اگر وہ مردہ ہو تو دونوں اس کے کھانے میں شریک ہو سکتے ہیں۔ یہ باتیں جو انہوں نے گھڑلی ہیں ان کا بدلہ اللہ دے کر رہے گا۔ یقیناً وہ حکیم ہے اور سب باتوں کی اسے خبر ہے۔

انسانی روبوٹ بمقابلہ شاہکار ربّ العالمین

چوہدری محمد یاسین رندھاوا
ایڈیٹر (ٹیکنیکل)
ہفت روزہ ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز
0301-7160084

ہم سب تھرڈ کلاس نقال اور گھٹیا ترین بھانڈ ہیں ہمارے مکالمے کوئی اور لکھتا ہے میک اپ کوئی اور کرتا ہے، ہدایات کوئی اور دیتا ہے ہم سب یہ عارضی کردار مستقل بنیادوں پر ادا کر رہے ہیں۔ ہمیں اس فن کی تربیت ماں کی گود سے ملنا شروع ہو جاتی ہے۔ ویسے ہر خلق اداکار ہے تمام جمادات و نباتات و حیوانات اپنا کردار بخوبی ادا کر رہے ہیں لیکن انسان اور دوسری مخلوقات میں سب سے بڑا فرق یہی ہے کہ دیگر مخلوقات اپنا اپنا سکرپٹ لے کر پیدا ہوتی ہے قدرت ان کا پروگرام ان کی ...

کی جا سکتی ہے۔ بچے کی صلاحیتوں کو زنگ لگا دیا جاتا ہے اس کی لامحدود سوچ کو محدود کر دیا جاتا ہے۔ اس کا قلب و مائنڈ ایک ہوتا ہے ہم آہنگ ہوتا ہے۔ ان دونوں کو الگ الگ کر دیا جاتا ہے اس کا دماغ گو فزیکلی لیفٹ اور رائٹ حصوں پر مشتمل ہوتا ہے مگر وہ خود منقسم نہیں ہوتا اسے بھی لیفٹ اور رائٹ کے دو حصوں پر تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ سارا امتحانی سسٹم رائٹ برین دیا ہے اور لیفٹ ابھارنے کا موثر ترین ہتھکنڈا ہے سارا نظام تعلیم مائنڈ کنٹرولنگ پراسس ہے۔ ہمارے دماغ کا دایاں حصہ پر انفارمیشن کا تجزیہ کرتا ہے جبکہ بایاں حصہ میں آنے والی ہر انفارمیشن خود بخود دائیں حصہ میں ڈال کر اس کے مناسب نامناسب ہونے کو خود فیصلہ کرتا ہے۔ پورا تعلیمی نظام اس دائیں حصہ کو بند کر کے صرف بائیں کو متحرک کرنے میں لگا ہوا ہے۔ طلبہ کے سوچنے سمجھنے کے مواقع ختم کئے جا رہے ہیں۔ انہیں ہر انفارمیشن کمپیوٹر کی طرح فیڈ کی جا رہی ہے امتحانی طریقہ کار اس کا واضح ثبوت ہے دو سال کا سیکھا ہوا دو گھنٹوں میں لکھنا پڑتا ہے۔ جو کچھ پڑھایا گیا ہوتا ہے وہی کچھ بتانا پڑتا ہے ساری پڑھائی محض اپنی پڑھائی ہے سکولوں میں صرف رٹا لگوایا جاتا ہے بچے کی اپنی قدرتی قابل تالے لگا کر دفتر ...

The Only thing that interferes with my learning is my education

Food is power we use it to change behavior some may call that bribery. we do not apologise.

(Fichte)
Education should aim at distroying free will, so that, after pupies have left school, they shell be incapable through out the rest of their lives, of thinking or acring other wise than as their school master would have wished.

Madness in individual is rear phenomenon, but it is the general rule.

... سے کوئی سروکار نہیں کہ کوئی میری اس بات سے اتفاق کرتا ہے یا نہیں لیکن میں نے ایک طالب علم کی حیثیت سے جو دین کو سمجھا وہ بیان کر دیا میری کوشش اور نیت کو میرا اللہ خوب جانتا ہے۔

اعلان

ہفت روزہ ویٹرنری نیوز اینڈ ویوز نے ایک انتظامی فیصلے کے تحت ادارتی بورڈ اور مشاورتی بورڈ ختم کر دیا۔ نئے بورڈ کی تشکیل کے لئے دلچسپی رکھنے والے رجوع کریں۔

ڈاکٹر تنین ظہیر ایڈیٹر

ANNOUNCEMENT

The Management of Veterinary News and Views is pleased to announce the recruitment of honorary positions for technical editorial board of The Veterinary News and Views as listed below.

Positions Vacant:

1- Deputy Editor
2- Assistant Editor
3- Campus Representatives

Criteria for Applicant:

Highly motivated, team workers and task oriented individuals having professional writing background and aptitude would be welcomed.

Note: Interested candidates may send their CV at: article.vet.news.n.views@gmail.com. latest by January 15th, 2019. Application sent to any other email address or other social accounts won't be considered.

وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے نام کھلا خط

محترم پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال رندھاوا وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

تو رہ نوردِ شوق ہے؟ منزل نہ کر قبول! ...... لیلیٰ بھی ہم نشیں ہو تو محمل نہ کر قبول!
اے جوئے آب بڑھ کے ہو دریائے تند و تیز! ...... ساحل تجھے عطا ہو تو ساحل نہ کر قبول!
کھویا نہ جا صنم کدۂ کائنات میں! ...... محفل گداز! گرمیٔ محفل نہ کر قبول!
صبحِ ازل یہ مجھ سے کہا جبرئیل نے ...... جو عقل کا غلام ہو وہ دل نہ کر قبول!
باطل دوئی پسند ہے، حق لاشریک ہے ...... شرکت میانۂ حق و باطل نہ کر قبول!

